پرزنرایڈوائس سروس (قیدیوں کیلئے مشورے کی خدمت) سے متعلق معلوماتی پرچہ

ہم کون ہیں؟

پاس PAS ایک غیر جانبدار رجسٹرڈ شدہ خیراتی ادارہ ہے۔ ہم ہوم آفس یا پرزن سروس کی رقم قبول نہیں کرتے کیونکہ اسکی وجہ سے ہماری غیر جانبداری متاثر ہوسکتی ہے۔ ہماری زیادہ تر مالی امداد خیراتی ٹرسٹوں اور اداروں سے آتی ہے

ہمارا عملہ مندرجہ ذیل افراد پر مشتمل ہے: ایک اعلیٰ وکیل، تین قانونی کیس ورکر (جن میں خواتین قیدیوں اور نسلی امتیاز کے ماہرین شامل ہیں)، ایک ٹیلیفون/انتظامی ورکر اور ایک ترقی کا مینیجر۔

ہم کیا کام کرتے ہیں؟

- پاس انگلینڈ اور ویلز میں قیدیوں کو مشورہ اور معلومات فراہم کرتا ہے جنکا تعلق انکے حقوق، جیل کے قواعد کی پابندی اور حراست کی شرائط سے ہوتا ہے۔
- پاس قیدیوں کے ساتھ جیل میں ہونے والے سلوک سے متعلق شکایات پر کام کرتا ہے جسکے سلسلے میں انہیں انفرادی طور پر رازداری میں مفت مشورہ اور مدد دی جاتی ہے اور جہاں مناسب ہو قانونی کارروائی بھی کی جاتی ہے۔
- پاس قیدیوں کے قانونی حقوق کا گروپ بھی چلاتا ہے جو ایک سہ ماہی خبرنامہ ''قیدیوں کے حقوق'' شائع کرتا ہے۔ اس گروپ کے ارکان میں قیدی، وکلاء، بیرسٹر، اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد اور غیر سرکاری ادارے شامل ہیں۔

ہم آپکو وضاحت سے بتا سکتے ہیں کہ جیل کے قواعد کا کیا مطلب ہے اور یہ آپ پر کس طرح اثر انداز ہوتے ہیں اور اگر آپکے معاملے میں انکا غلط استعمال ہو رہا ہو تو آپکو مشورہ دے سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنے ساتھ ہونے والے سلوک کے بارے میں شکایت کرنا چاہتے ہوں تو آپ مشورے کیلئے ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اسکے ساتھ ساتھ اپنے ونگ/یونٹ میں ایک درخواست/شکایت فارم بھی فراہم کر دیں تو یہ مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔

ہم آپکو مشورہ دیں گے کہ آپ اپنی شکایت خود کس طرح آگے لیجا سکتے ہیں یا آپکی جانب سے شکایت پیش کر سکتے ہیں اور جیل اور پرزن سروس سے خط و کتابت کر سکتے ہیں یا آپکو وکیلوں کی ان کمپنیوں کی تفصیلات دے سکتے ہیں جو متعلقہ قانون سے نپٹتی ہیں اور جن سے آپ مزید مدد کیلئے رابطہ کر سکتے ہیں۔

ان مسائل کی مثالیں جنکے سلسلے میں ہم مشورہ دے سکتے ہیں: پیرول (واپسی کے وعدے پر رہائی)۔ عارضی رہائی۔ عمر قید۔ درجہ بندی۔ ماں اور بچہ یونٹ۔ عدالتی احکامات۔ سزا کا حساب۔ لائسنس/دوبارہ بلانا۔

ہم مندرجہ ذیل کے بارے میں معلوماتی پرچے فراہم کر سکتے ہیں: منتقلی۔ جائیداد کے دعوے۔ منشیات کے لازمی ٹیسٹ۔ درجہ بندی۔ گھر پر نظر بندی۔ انعامات اور کمائے گئے فوائد کی سکیم۔ غیر ملکی قیدیوں کے ساتھ سلوک۔ نسل پرستانہ سلوک کے بارے میں شکایات۔

اگر آپکو ہمارے فرائض کے بارے میں صحیح طرح معلوم نہ ہو تو صرف ہم سے پوچھ لیجئے۔ ہمارا زیادہ تر کام ٹیلیفون یا خطوط کے ذریعے ہوتا ہے۔ ہم عام طور پر جیل میں ملاقات کیلئے نہیں آتے سوائے ان حالات کے جہاں ہم نے کس قیدی کا قانونی کیس قبول کیا ہو۔ اگر ہم جیل کے قانون کے کسی معاملے میں مدد نہ کر سکیں تو ہم آپکو وکلاء کی ایک فہرست دیں گے جو آپکی مدد کر سکیں گے۔

ہم اپنا کام کیسے کرتے ہیں؟

آپ ہمیں سوموار، بدھ اور جمعہ کو صبح 9.30 سے لیکر شام 5.30 بجے کے دوران **020 7253 3323** یا **0845 430 8923** پر ٹیلیفون کر سکتے ہیں۔ دیگر تمام اوقات میں آنسر فون کی سروس موجود ہوتی ہے جس پر آپ اپنا پیغام چھوڑ سکتے ہیں۔ آپ ہمیں اس پتے پر خط بھی لکھ سکتے ہیں: PO BOX 46199, London EC1M 4XA

براہِ مہربانی یاد رکھیئے:

- اگر آپ ہماری مدد چاہتے ہیں تو ہمیں آپکی اجازت کی ضرورت ہوگی اس لئے ہم سے براہِ راست رابطہ کیجئے۔ اسکے بعد اگر آپ چاہیں تو ہم آپکے خاندان کے افراد سے بات کر سکتے ہیں۔
- ہم کسی ایسے معاملے سے نہیں نپٹ سکتے جس پر کوئی اور وکیل پہلے ہی سے کام کر رہا ہو، لیکن ہم آپکے وکیل کو جیل کے قانون کے بارے میں مشورہ اور معلومات فراہم کر سکتے ہیں۔
- آپکو ہمیں قانونی مشورے کیلئے رازداری میں خط لکھنے کا حق ہے۔ لفافے کے اوپر Rule 39 applies (یعنی قاعدہ 39 کا اطلاق ہوتا ہے) لکھیئے اور اپنا خط لفافے میں بند کر دیجئے۔

  قاعدہ 39 جیل کا ایک قانون ہے جسکا تعلق رازدارانہ قانونی خط و کتابت سے ہے اور یہ صرف ان خطوط کیلئے استعمال ہوتا ہے جو عدالت یا قانونی مشیر کو بھیجے جاتے ہیں۔
- آپ ہمیں انگریزی کے علاوہ کسی دوسری زبان میں بھی خط لکھ سکتے ہیں اور ہم ان خطوط کا ترجمہ کروانے کی کوشش کریں گے اور آپکو اسی زبان میں جواب دیں گے جس میں آپ نے خط لکھا ہوگا لیکن خیال رہے کہ اس کے انتظام میں کچھ وقت لگ سکتا ہے۔

(Urdu)